ROLL NUMBER						

Version No.				
4	0	0	2	3

اردو(لازمی)ایچ ایس ایس سی -II

حصہ اوّل (کُل نمبر 20)

وقت: 25 منٹ

Section – A is compulsory. All parts of this section are to be answered on this page and handed over to the Centre Superintendent. Deleting/overwriting is not allowed.

Do not use lead pencil.

حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات اسی صفحہ پر دے کر ناظم مرکز کے حوالے کریں۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

Answer Sheet No. _____

Invigilator Sign. _____

Candidate Sign. _____

ہر سوال کے سامنے دیے گئے، کریکولم کے مطابق درست دائرہ کو پُر کریں۔

Fill the relevant bubble against each question according to curriculum:

	سوال	الف	ب	ج	د	الف	ب	ج	د
1.	مطلع میں عموماً دونوں مصرعے کیا ہوتے ہیں؟	باہم مربوط	ہم ردیف و ہم قافیہ	ہم وزن	متضاد	○	○	○	○
2.	مکمل کریں: خاطر میں نہ _____	جانا	لانا	سیانا	کھانا	○	○	○	○
3.	زیادہ _____ نہ کرو۔ جملہ مکمل کریں۔	نقتہ چینی	نکتا چینی	نکتہ چینی	نقطہ چینی	○	○	○	○
4.	"قلم اور دوات، مرد و زن" کس مرکب کی مثالیں ہیں؟	مرکب اضافی	مرکب عددی	مرکب عطفی	مرکب توصیفی	○	○	○	○
5.	عمر دراز مانگ کے لائے تھے چار دن / دو آرزو میں کٹ گئے دو انتظار میں — شعر میں موجود صنعت کی نشاندہی کریں	صنعت تضاد	صنعت تجنیس	صنعت تکرار	صنعت سیاقۃ الاعداد	○	○	○	○
6.	میز کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ اس جملے میں امدادی فعل کی نشان دہی کریں:	ٹوٹ	گئی	میز	ٹانگ	○	○	○	○
7.	کیا جگہ کوچۂ محبوب ہے، سبحان اللہ! / کوئی جنت، کوئی کعبہ، کوئی گلشن سمجھا — اس شعر میں کون سی علامتیں استعمال ہوئی ہیں۔	سکتہ اور فجائیہ	وقفہ اور سکتہ	سوالیہ اور ندائیہ	واوین اور فجائیہ	○	○	○	○
8.	ایسی نظم جس میں حضور ﷺ خاتم النبیین کی تعریف بیان کی جائے اسے کیا کہتے ہیں؟	منقبت	مرثیہ	حمد	نعت	○	○	○	○
9.	اس نے کہا کہ وہ بیمار ہے۔ یہ کس جملے کی مثال ہے؟	تابع جملے	تمیزی جملے	سببی جملے	استدراکی جملے	○	○	○	○
10.	جلوۂ طور تو موجود ہے موسیٰ ہی نہیں — صنعت کی پہچان کریں:	صنعت لف و نشر	صنعت مبالغہ	صنعت تضاد	صنعت تلمیح	○	○	○	○
11.	رابطہ کی علامت کیا ہے؟	:	-	؟	" "	○	○	○	○
12.	درست جملے کی نشاندہی کریں۔	اسلم نے 'بانگ درا' خریدی۔	اسلم نے 'بانگ درا' خریدیں۔	اسلم نے 'بانگ درا' خریدا۔	اسلم نے 'بانگ درا' خریدے۔	○	○	○	○
13.	یاد ہے سیر چراغاں ناصر تمہیں ناصر کیا ہے؟	تشبیہ	تخلص	کنایہ	استعارہ	○	○	○	○
14.	"نکلنا" امدادی فعل کس جملے میں استعمال ہوا ہے؟	چاند نکل آیا۔	اس کی بات جھوٹ نکلی۔	خواب سچا نکلا۔	کاروبار چل نکلا۔	○	○	○	○
15.	دیار، عشق میں اپنا مقام پیدا کر / نیا زمانہ نئے صبح و شام پیدا کر — شعر میں قافیے کیا ہیں؟	صبح و شام	مقام، شام	دیارِ عشق	نیا زمانہ	○	○	○	○
16.	کس نظم میں قافیہ اور ردیف سمیت وزن اور بحر کی پابندی نہیں ہوتی؟	معریٰ	سانٹ	آزاد نظم	پابند نظم	○	○	○	○
17.	"عالم کی موت عالَم کی موت ہوتی ہے"۔ یہ جملہ کس کی مثال ہے؟	صنعت حسن تعلیل	صنعت تلمیح	صنعت تجنیس	صنعت تضاد	○	○	○	○
18.	جملہ مکمل کریں: عابدہ آفت _____ پر کالا ہے۔	کے	کو	کا	کی	○	○	○	○
19.	شاعر غزل کے کون سے شعر میں تخلص استعمال کرتا ہے؟	مطلع ثانی میں	مقطع میں	مطلع میں	حسنِ مطلع میں	○	○	○	○
20.	شمع کی مانند ہم اس بزم میں / چشم تر آئے تھے دامن تر چلے — شعر میں مشبہ کی نشاندہی کریں۔	مانند	بزم	شمع	ہم	○	○	○	○

10/02/2026PC-13

اُردو (لازمی) ایچ ایس ایس سی - II

وقت:2:35 گھنٹے

کُل نمبر حصّہ دوم اور سوم:80

نوٹ: حصّہ دوم اور سوم صفحات 2-1 پر مشتمل ہیں۔ ان سوالات کے جوابات علیحدہ سے مہیا کی گئی جوابی کاپی پر دیں۔ آپ کے جوابات صاف اور واضح ہونے چاہئیں۔

حصہ دوئم (کُل نمبر 36)

سوال نمبر ۲:(الف) حصہ نثر:

پیراگراف پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: **(5 x 3 = 15)**

"ہولناک سناٹے میں عبداللہ اطمینان سے کسی گلی کی نکڑ پر دیوار سے لگا ہوا موجود ہوتا۔ اس کا چہرہ اور بھی خوف ناک ہو گیا تھا۔ آنکھوں کی وحشت بڑھ گئی تھی۔ اور آواز میں دم توڑتے ہوئے انسان کا سا کرب پیدا ہو گیا تھا۔ رات گزرتے ہی کمبل میں سارے جسم کو لپیٹ کر بیساکھی کے سہارے گھر سے باہر آجاتا اور رات گئے تک سنسان گلیوں کے اندھیرے میں شکار کی تلاش میں مارا مارا پھرتا۔ اتفاق ہوا کہ عبداللہ کو کئی روز تک کوئی شکار نہ ملا۔ اس کی بیوی نے سکینہ بیگم کے گھر ایک مدت سے آمد و رفت بند کر دی تھی لہٰذا دونوں کو مسلسل کئی وقت کے فاقے کرنے پڑے۔ اس رات عبداللہ بڑی بے چینی کے عالم میں اندھیری گلیوں میں منڈلا رہا تھا۔ رات آدھی سے زیادہ گزر گئی مگر کوئی بھولا بھٹکا راہ گیر اس کو نہیں ملا۔ اس کی بے چینی اور بڑھ گئی۔ اس لیے کہ اب رات کی وہ گھڑی قریب آرہی تھی جب صرف گشت کرنے والے کانسٹیبلوں کے بھاری بھاری قدموں کی آہٹ سنائی پڑتی اور جن کی نظروں سے بچنے کے لیے اس کو بڑی مشکل کا سامنا کرنا پڑتا۔ آخر جب وہ ناامید ہو گیا تو اس نے ایک نئی تجویز سوچی۔ کئی مکانوں کے دروازوں سے کان لگا کر اس نے اندر کی آہٹ لی۔ اور پھر ایک دروازے پر جا کر آہستہ سے دستک دی لیکن اس وقت وہ خود بھی خوف سے کانپ رہا تھا۔ اس لیے کہ اس دفعہ وہ نیا حربہ آزما رہا تھا۔

سوالات:

(i) عبداللہ کا حلیہ کیسا تھا؟

(ii) عبداللہ کی بے چینی کیوں بڑھ گئی تھی؟

(iii) عبداللہ خوف سے کیوں کانپ رہا تھا؟

(iv) عبداللہ فاقے کرنے پر کیوں مجبور تھا؟ یا اس پیراگراف کا مرکزی خیال لکھیں۔

(v) اس پیراگراف کا خلاصہ لکھیں۔ یا آپ کے خیال میں عبداللہ سنسان گلیوں میں رات کے وقت کیوں مارا مارا پھر رہا تھا اور اس کا کیا مقصد تھا؟

ب۔ حصہ نظم:

مندرجہ ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں: **(3 x 3 = 09)**

ہاتھ بے زور ہیں، الحاد سے دل خوگر ہیں — امتی باعث رسوائی پیغمبرؐ ہیں
بت شکن اٹھ گئے، باقی جو رہے بت گر ہیں — تھا براہیمؑ پدر اور پسر آزر ہیں
بادہ آشام نئے، بادہ نیا، خم بھی نئے
حرم کعبہ نیا، بت بھی نئے، تم بھی نئے

سوالات:

(i) امتی نبی کریم ﷺ (خاتم النبیین) کی رسوائی کا کیسے باعث بنتے ہیں؟

(ii) "بت شکن اٹھ گئے" سے کیا مراد ہے؟

(iii) ان اشعار میں شاعر کیا پیغام دے رہا ہے؟ یا بند میں موجود کسی ایک صنعت کی نشاندہی کریں اور اس کی وضاحت بھی کریں۔

(یا)

اے دوست دل میں گردِ کدورت نہ چاہیے — اچھے تو کیا، بروں سے بھی نفرت نہ چاہیے
کہتا ہے کون، پھول سے رغبت نہ چاہیے — کانٹے سے بھی مگر تجھے وحشت نہ چاہیے
کانٹے کی رگ بھی ہے لہو مرغزار کا
پالا ہوا ہے وہ بھی نسیم بہار کا

سوالات:

(i) 'گردِ کدورت' سے کیا مراد ہے؟

(ii) اس بند میں شاعر نے کیا نصیحت کی ہے؟

(iii) کانٹے کو کس نے پالا ہے؟ یا پہلے شعر میں کون سی صنعت استعمال ہوئی ہے؟

(ج) حصہ غزل: (2 x 3 = 06)

درج ذیل اشعار کو پڑھ کر آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات لکھیں:

(i) چارہ سازوں سے الگ ہے میرا معیار کہ میں
زخم کھاؤں گا تو کچھ اور سنور جاؤں گا

(ii) رشتۂ جاں تھا کبھی جس کا خیال
اس کی صورت بھی تو اب یاد نہیں

(iii) دیکھ کر اپنے در و بام، لرز جاتا ہوں
مرے ہمسائے میں جب بھی کوئی دیوار گرے

سوالات:

(i) زخم کھا کر سنورنے سے کیا مراد ہے؟ (بحوالہ شعر i)

(ii) شاعر کو کس کی صورت یاد نہیں ہے؟ (بحوالہ شعر ii) یا شاعر کیوں لرز جاتا ہے؟ (بحوالہ شعر iii)

(د) حصہ قواعد: (2 x 3 = 06)

درج ذیل سوالوں کے جوابات لکھیں:

(i) مطلع کسے کہتے ہیں؟ ایک مثال بھی دیں۔

(ii) تفصیلیہ کی علامت اور مثال لکھیں۔ یا درج جملے میں مناسب جگہ پر رموزِ اوقاف لگائیں: افسوس تم سے اتنا بھی نہ ہو سکا

حصہ سوئم (کُل نمبر 44)

سوال نمبر ۳: درج ذیل پیراگراف کی تشریح کریں: (06)

"اگر ہمارا وطن قائم رہے گا، تو ہمیں خدمتِ دین اور تعمیرِ ملت کے موقعے بھی ملیں گے، ہم اَعلائے کلمۃ اللہ بھی کر سکیں گے۔ اور حقوق انسانیت بھی ادا کر پائیں گے۔ لیکن اگر خدانخواستہ وطن کو ضعف پہنچایا، ملک پر آفت آئی۔ تو نہ ہم بچے رہیں گے اور نہ ہی ہماری مسلمانی اور خاکم بدہن، ملک کا زوال، ملت کا زوال بن جائے گا"۔

یا

"یہ ہمارے معاشرے کا المیہ ہے کہ ہم اپنے ارد گرد سے بے خبر رہتے ہیں۔ کاش! ہم اس بات سے آشنا ہو سکیں کہ کسی کی ضرورت پوری کرنا وہ بھی اس کی عزت نفس کا خیال کر کے، کتنی بڑی نیکی اور خیر و برکت کی بات ہے۔ اس سے ان لوگوں کی زندگی کی گاڑی کا پہیہ چلتا رہتا ہے جو اپنی سفید پوشی کے بھرم میں کسی کے آگے ہاتھ پھیلانے سے جھجکتے اور شرماتے ہیں"۔

سوال نمبر ۴۔ درج ذیل نظمیہ جزو کی تشریح کریں۔ (06)

سپاہیانہ زندگی جو قسمتِ سعید ہے
تو رزم گہ کی موت بھی سپاہیانہ عید ہے
جیا تو فخرِ قوم ہے، مرا تو شہید ہے
سروں سے باندھ کر کفن بڑھے چلو، بڑھے چلو
دلاوران تیغ زن بڑھے چلو، بڑھے چلو
بہادرانِ صف شکن بڑھے چلو، بڑھے چلو

یا

رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے!
ذرہ ذرہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے
ہے کوئی، ہنگامہ تیری تربتِ خاموش میں
پل رہی ہے ایک قوم تازہ اس کی آغوش میں
تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور
دیدۂ انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور

سوال نمبر ۵۔ درج ذیل غزلیہ جزو کی تشریح کریں۔ (3+3+3=9)

جس دھج سے کوئی مقتل میں گیا، وہ شان سلامت رہتی ہے
یہ جان تو آنی جانی ہے اس جان کی تو کوئی بات نہیں
میدانِ وفا دربار نہیں، یاں نام و نسب کی پوچھ کہاں
عاشق تو کسی کا نام نہیں، کچھ عشق کسی کی ذات نہیں
گر بازی عشق کی بازی ہے جو چاہو لگا دو ڈر کیسا
گر جیت گئے تو کیا کہنا، ہارے بھی تو بازی مات نہیں

یا

کیا لوگ تھے کہ جان سے بڑھ کر عزیز تھے
اب دل سے محو نام بھی اکثر کے ہو گئے
اے یاد یار تجھ سے کریں کیا شکایتیں
اے دردِ ہجر ہم بھی پتھر کے ہو گئے
سمجھا رہے تھے مجھ کو سبھی ناصحانِ شہر
پھر رفتہ رفتہ خود اسی کافر کے ہو گئے

سوال نمبر ۶۔ کسی مباحثے کا آنکھوں دیکھا حال تحریر کریں۔ (یا) (08)
ایک "کرسی" کی آپ بیتی لکھیں۔

سوال نمبر ۷۔ کسی ایک عنوان پر تین سو سے چار سو الفاظ پر مشتمل مضمون تحریر کریں۔ (15)

الف۔ ماحولیاتی آلودگی ایک زہر ب۔ ہمارا نظام تعلیم

ج۔ سائنس: رحمت یا زحمت د۔ اقبال کا شاہین

—— 2HA-II 25002 ——